پاکستان سکول، عیسیٰ ٹاؤن/منامہ - مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: سوئم | مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار |
| سبق کا نام: حضرت نوحؑ کی کہانی | صفحہ نمبر: | پہلی سہ ماہی |

# حضرت نوح علیہ السّلام کی کہانی



| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| **1۔ مصروف** | کام لگا ہونا، مشغول | **4۔ نافرمان** | حکم نہ ماننے والا |
| **2۔ حکم** | ارشاد، فرمان، فیصلہ کن بات | **5۔ بسی** | آباد ہوئی |
| **3۔ فکر** | خیال، پریشانی | **6۔ خشکی** | زمین |

## ارکان ملا کر لفظ بنائیے۔

| | |
|---|---|
| دن+یا=دنیا | ان+سا+نوں=انسانوں |
| ن+بی=نبی | مص+روف=مصروف |
| فیص+لہ=فیصلہ | کام+یاب=کامیاب |
| م+ذاق=مذاق | کش+تی=کشتی |

**سوال/جواب**

**سوال نمبر ۱: حضرت نوح علیہ السّلام کون تھے؟**

جواب: حضرت نوح علیہ السّلام اللہ کے نبی تھے۔

**سوال نمبر ۲: حضرت نوح علیہ السّلام اور تمام نبی لوگوں کو کیا سکھاتے تھے؟**

جواب: وہ لوگوں کو اچھے کام کرنے اور برے کاموں سے بچنے کے لیے کہتے رہے۔

**سوالنمبر ۳: اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو نافرمانی کی کیا سزا دی؟**

جواب: اللہ تعالیٰ نے ان پر تیز بارش، طوفان، اور پانی کا عذاب بھیجا۔

**سوال نمبر ۴: کشتی جس پہاڑ پر رکی اس کا نام کیا ہے؟**

جواب: کشتی جس پہاڑ پر رکی اس کا نام جودی ہے۔

**الفاظ/جملے**

سزا: علی کو اس کی غلطی کی سزا ملی۔

جنگل: شیر کو جنگل کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

مذاق: ہمیں دوسروں کا مذاق نہیں اڑانا چاہیے۔

بارش: کل بہت تیز بارش ہوئی۔

**خط کشیدہ الفاظ کی جمع بنا کر جملے دوبارہ لکھیے۔**

**1۔ کچھ ہی لوگوں نے حضرت نوح علیہ السّلام کی بات سنی۔**

کچھ ہی لوگوں نے حضرت نوح علیہ السّلام کی باتیں سنیں۔

**2۔ بہت سال تک ان کی کوشش کامیاب نہ ہوئی۔**

بہت سال تک ان کی کوششیں کامیاب نہ ہوئیں۔

**3۔ حضرت نوح علیہ السلام نے جنگل میں جا کر لکڑی کاٹنی شروع کر دی۔**

حضرت نوح علیہ السلام نے جنگل میں جا کر لکڑیاں کاٹنی شروع کر دیں۔

**4۔ کچھ لوگ مکان کی چھت پر چڑھ گئے۔**

کچھ لوگ مکانات کی چھتوں پر چڑھ گئے۔

**گھر کا کام:** اس کہانی کے پہلے پیرا گراف کو خوشخط کر کے لکھیے اور اس کی املا کی تیاری کریں۔

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن/منامہ، مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار | سبق کا نام: حضرت نوحؑ کی کہانی |
| نام طالبعلم:------------------------ | جماعت: سوئم (فریق)------------- | تاریخ:------------------------ |

## سرگرمی

**سوالنمبر ا: درج ذیل الفاظ کے حروف الگ کریں۔**

قرآن----------------------

منع-------------------------

نافرمانی----------------------

مصروف----------------------

فیصلہ-------------------------

**سوال/جواب**

سوالنمبر 1: حضرت نوح علیہ السّلام کون تھے؟

جواب:----------------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------------

**سوالنمبر 2: ہمارے آخری نبی کون ہیں؟ ان کے بارے میں چار جملے لکھیں۔**

جواب: -----------------------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------------------------------------

**درست جواب پر دائرہ لگائیں اور خالی جگہ میں لکھیے۔**

1۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو ------------------------ بنانے کا حکم دیا۔

(پُل - کشتی - محل - گھر)

2۔ ------------------------ نے حضرت نوح علیہ السلام کا مذاق اڑایا۔

(پڑوسی - نافرمان لوگ - دوستوں - فرمابردار لوگ)

3۔ کشتی میں نہ بیٹھنے والوں میں حضرت نوح علیہ السلام کا --------------- بھی شامل تھا۔

(بھائی - بیٹا - دوست - خادم)

4۔ نافرمان لوگوں پر --------------- کے ذریعے عذاب نازل ہوا۔

(ہوا - پانی - آگ - بادل)